15-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد میں واقع گورنمنٹ میڈیکل کالجوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

۲۔ مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ آئندہ ماہ کی 21 تاریخ کو نیٹ یو جی امتحان دوبارہ منعقد کیا جائے گا۔

۳۔ حیدرآباد کو مرکز بناتے ہوئے مجوزہ ہائی اسپیڈ ریل کاریڈور منصوبوں پر ریاستی حکومت کے چیف سیکریٹری رام کرشنا راؤ نے آج سکریٹریٹ میں مختلف محکموں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

اور

۴۔ فارما ماک ٹیک لیاب نسٹ ایکسپو 2026ء کے دوسرے مرحلہ کے طور پر ای ای پی سی بھارت نے آج حیدرآباد میں ایک روڈ شو منعقد کیا۔

REV. PRADHAN-BRIEFING

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ طلبہ کے مفادات ہی حکومت کی اولین ترجیح ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ ماہ کی 21 تاریخ کو نیٹ یو جی ری ایگزامینیشن منعقد کیا جائے گا۔ وزیرِ تعلیم نے بتایا کہ امیدوار آئندہ ماہ کی 14 تاریخ سے اپنے ایڈمٹ کارڈ حاصل کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی نظام میں شفافیت لانے کے لئے اگلے سال سے او ایم آر کے بجائے کمپیوٹر پر مبنی امتحانی نظام متعارف کرایا جائے گا۔

BYTE... PRADHAN

وزیر تعلیم نے یقین دہانی کرائی کہ این ٹی اے میں اصلاحات نافذ کی جائیں گی اور تعلیمی مافیا کی سازشوں کو روکنے کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اہل طلبہ کے ساتھ کسی بھی قسم کی ناانصافی نہ ہو اس کے لئے امتحانی نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

NSD

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے عنبر پیٹ حلقہ کے کاچی گوڑہ اور باغ عنبر پیٹ ڈویژنوں میں موجود بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وہاں کے عملہ سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ان مراکز میں عوام کو بہتر طبی خدمات فراہم کرنے کے مقصد سے مختلف طبی آلات بھی مہیا کئے۔

NSD

Ramchander Rao

وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے کی گئی اپیل اقتصادی خود انحصاری اور وسائل کے ذمہ دارانہ استعمال کے پیغام کے تحت، تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے جوبلی ہلز میں ایک پروگرام میں شرکت کے لئے میٹرو ٹرین میں سفر کیا۔ رام چندر راؤ تارنا کہ میٹرو اسٹیشن سے میٹرو میں سوار ہو کر جوبلی ہلز روانہ ہوئے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ غیر ضروری ایندھن کے استعمال کو کم کرنے اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل اپنانے کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے کی گئی اپیل پر عمل کریں۔

Desk

Komatireddy Venkat Reddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں سب سے زیادہ نلگنڈہ ضلع میں 5 لاکھ 46 ہزار ایکڑ رقبہ پر 14 لاکھ 65 ہزار میٹرک ٹن دھان کی پیداوار ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 7 لاکھ 24 ہزار میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی جاچکی ہے۔ ضلع میں دھان کی خریداری کے لئے 456 مراکز قائم کئے گئے ہیں اور 53 ہزار 611 کسانوں کو امدادی قیمت ادا کرتے ہوئے 692 کروڑ روپے ان کے بینک کھاتوں میں جمع کئے گئے ہیں۔ وزیر نے مزید کہا کہ آئندہ دو سے تین دنوں میں مزید 400 کروڑ روپے کسانوں کے کھاتوں میں منتقل کئے جائیں گے۔

PETROL-DIESEL HIKE

ملک بھر میں تیل کمپنیوں نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اوسطاً 3 روپے فی لیٹر اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نئی قیمتیں آج صبح 6 بجے سے نافذ العمل ہوگئی ہیں۔ حیدرآباد میں ایک لیٹر پیٹرول کی قیمت بڑھ کر 110 روپے 78 پیسے ہوگئی ہے جبکہ ڈیزل کی قیمت 98 روپے 90 پیسے تک پہنچ گئی ہے۔

NSD

Rajnath Singh

مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آندھرا پردیش کے ضلع شری ستیہ سائی پٹا پرتی میں 15 ہزار 803 کروڑ روپے کی لاگت سے قائم کئے جانے والے ایڈوانسڈ میڈیم کمبیٹ ایئر کرافٹ پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو اور وزیر نارا لوکیش بھی موجود تھے۔ حکام کے مطابق اس منصوبہ کے ذریعہ 7 ہزار 500 افراد کو روزگار فراہم ہوگا۔ رہنماؤں نے ڈرون سٹی میں دیگر دفاعی منصوبوں کا افتتاح بھی کیا اور وہاں منعقد جدید دفاعی مصنوعات کی نمائش کا تفصیلی مشاہدہ کیا۔

NSD

Weather Update

محکمہ موسمیات حیدرآباد نے پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ تین دنوں کے دوران مختلف مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ کے مطابق بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، وقارآباداور دیگراضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش متوقع ہے۔دوسری جانب زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں 3 ڈگری تک اضافہ ہوسکتا ہے جبکہ عادل آباداور نرمل جیسے اضلاع میں لو چلنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔

Press Note

Visit to TIMS Hospital

بی آر ایس کے ورکنگ پریزیڈنٹ کے ٹی تارک راما راؤ نے سابق وزیر تلاسانی سرینواس یادو کے ہمراہ صنعت نگر میں قائم ٹمز اسپتال کا دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ غریب عوام کوایمس طرز کی معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنے کے مقصد سے کے سی آر حکومت نے 1200 کروڑ روپے کی لاگت سے اس جدید اسپتال کا منصوبہ تیار کیا تھا۔انہوں نے بتایا کہ اسپتال میں 300 آئی سی یو بیڈس،16 آپریشن تھیٹرز اور جدید ڈائگناسٹک سہولتیں عالمی معیار کے مطابق قائم کی گئی ہیں۔کے ٹی آر نے کہا کہ اگر کے سی آر حکومت برقرار رہتی تو یہ اسپتال دو سال پہلے ہی مکمل ہو چکا ہوتا۔انہوں نے موجودہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ ماباقی کام جلد مکمل کر کے اسپتال کو عوام کے لئے دستیاب بنایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ حیدرآباد کے اطراف ٹمز اسپتالوں کی تعمیر کا مقصد غریبوں کو کارپوریٹ سطح کی طبی سہولتیں فراہم کرنا ہے۔

Desk

Urban Challenge Fund for Warangal Underground Drainage

مرکزی حکومت کے تحت نافذ کیئے جارہے اربن چیالنج فنڈ میں ورنگل انڈر گراؤنڈ ڈرینج پروجیکٹ کوشامل کرلیا گیا ہے۔حکام کے مطابق حال ہی میں گریٹر کونسل کی جانب سے منظور شدہ 5 ہزار 257 کروڑ روپے کی تجاویز اور جامع پروجیکٹ رپورٹ مرکزی وزارتِ شہری ترقی کو بھیجی گئی تھی جس کے بعد مرکز نے اس منصوبے کو یوسی ایف میں شامل کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔اس موقع پر ہنمکنڈہ کلکٹر اور گریٹر ورنگل کے خصوصی افسر چاہت باجپائی نے کہا کہ انڈر گراؤنڈ ڈرینج اسکیم کے نفاذ کے لئے تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں اور فنڈس کے حوالہ سے بھی وضاحت حاصل ہوچکی ہے۔انہوں نے بتایا کہ جلد ہی اس سلسلہ میں سرکاری احکامات جاری کیئے جائیں گے۔

Warangal District PTC

High-Speed Rail Corridor

حیدرآباد کو مرکز بناتے ہوئے مجوزہ ہائی اسپیڈ ریل کاریڈور منصوبوں پر ریاستی حکومت کے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے آج سکریٹریٹ میں مختلف محکموں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر چیف سکریٹری نے کہا کہ حیدرآباد کو ممبئی، چنئی اور بنگلورو جیسے بڑے شہروں سے جوڑنے والے ہائی اسپیڈ ریل منصوبوں کے ذریعہ تلنگانہ کو 'تلنگانہ رائزنگ 2047 اکنامک گروتھ کاریڈور' کے طور پر ترقی دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ عوام کی مستقبل کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ صنعتی، آئی ٹی اور سیاحتی شعبوں کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔دوسری جانب ریلوے حکام نے بتایا کہ حیدرآباد۔پونے۔ممبئی ہائی اسپیڈ ریل روٹ کے لئے ڈی پی آر تیار کرلی گئی ہے۔حکام کے مطابق تقریباً 671 کلومیٹر طویل اس روٹ کے لئے تجاویز تیار کی گئی ہیں جبکہ تلنگانہ میں تقریباً 93 کلومیٹر علاقہ میں اراضی کے حصول کی ضرورت ہوگی۔اسی طرح حیدرآباد۔بنگلورو کاریڈور اور حیدرآباد۔چنئی کاریڈور کے لئے تقریباً 123 کلومیٹر کے دائرہ میں زمین کے حصول کی ضرورت پیش آئے گی۔

Desk

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ ریاست میں قائم مختلف طبقات کے کارپوریشنوں کوجلد ہی فنڈس جاری کیئے جائیں گے اوران کی ذمہ داریوں سے متعلق واضح احکامات بھی صادر کیئے جائیں گے۔وہ حیدرآباد کے ویلفیر بھون میں پیریکا طبقہ کارپوریشن کے چیرمین اوروائس چیرمین کی حلف برداری تقریب سے خطاب کررہے تھے جہاں انہوں نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔وزیر نے کہا کہ ماضی میں کبھی بھی اس طرح کے کارپوریشن قائم نہیں کیئے گئے۔کانگریس حکومت نے بی سی طبقات کے لئے خصوصی کارپوریشن قائم کی ہیں اوران اداروں کے ذریعہ مختلف فلاحی پروگرام نافذ کیئے جائیں گے۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ پیریکا برادری کی جانب سے تعمیر کیئے جارہے آتم گوروا بھون کے لئے حکومت مالی امداد فراہم کرے گی۔اس تقریب میں رکنِ اسمبلی بی ایلیا،رکنِ قانون ساز کونسل شری پال ریڈی سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔

Desk

Maize Procurement

ریاستی محکمہ زراعت نے بتایاہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی ہدایات کے مطابق ریاست میں مکئی کی خریداری کے عمل کو تیز کردیا گیا ہے۔محکمہ کے مطابق جمعرات تک 8 لاکھ 16 ہزار 102 ٹن مکئی خریدی جاچکی ہے،جبکہ آئندہ 15 دنوں میں مقررہ ہدف مکمل کرنے کے لئے تیزی سے کام جاری ہے۔حال ہی میں وزیراعلیٰ نے ضلع کلکٹروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس منعقد کرکے ضروری ہدایات جاری کی تھیں،جن کے مطابق مسلسل خریداری کا عمل جاری رکھا گیا ہے۔حکام نے بتایا کہ ہر خریداری مرکز کے لئے خصوصی نوڈل افسر مقرر کیا گیا ہے،جبکہ تھیلوں،گاڑیوں،نقل وحمل اورذخیرہ کرنے کی سہولتیں بھی فراہم کی گئی ہیں۔

Desk

Inter Practical

انٹرمیڈیٹ کی تعلیمی پالیسی میں بورڈ نے اہم تبدیلی کی ہے۔ 27-2026ء تعلیمی سال سے سال اول میں پریکٹیکل امتحان کو متعارف کروایا ہے جس کے مطابق فرسٹ ائیر سال اور سکنڈ ائیر میں اوسطاً 15 نشانات پریکٹیکل کو الاٹ کئے جائیں گے۔ فی الوقت یہ اصلاحات سال اول کے طلبہ کیلئے لاگو ہوں گے جبکہ 28-2027ء سے سال دوم کیلئے بھی اس کو عمل میں لانے کا عہدیداروں نے اعلان کیا۔

Desk

SEED

ریاستی سیڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین انویش ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ موسم برسات کے سیزن کیلئے چار لاکھ کنٹل بیجوں کو دو ہفتوں میں دستیاب کرائیں۔ انہوں نے اپنے دفتر میں علاقائی عہدیداروں اور ضلعی منیجرس کے ساتھ منعقد کئے گئے ایک جائزہ اجلاس میں بات کرتے ہوئے کہا کہ فصلوں کی تبدیلی کے مطابق رعایت پر دی جانے والی تور اور دیگر فصلوں کے بیج اس مہینہ کے آخر تک تمام منڈلوں کو سربراہ کرنے پر زور دیا۔

Governor

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے اپنے دورہ دہلی کے موقع پر مختلف مرکزی وزراٗ سے ملاقات کی مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ اور مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن اور مرکزی وزیر اسپورٹس منسکھ مانڈویا سے گورنر نے علیحدہ علیحدہ طور پر ملاقات کی۔

Desk

Mahesh Kumar Gour

تلنگانہ کے صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ایس آئی آر کو جلد بازی میں کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔اس عمل کو دیڑھ سال تک بڑی ہی چوکسی کے ساتھ کرنے پرزوردیا۔ایس آئی آر کے مسئلہ پر پی سی سی کی ایک ٹیم نے آج ریاستی الیکشن کمیشن سدرشن ریڈی سے ملاقات کی اوراس سلسلہ میں ایک یادداشت پیش کی۔ بعدازاں مہیش کمار گوڑ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مردم شماری کا عمل جاری ہے۔مردم شماری کے ساتھ ایس آئی آر کا عمل جاری رہنے پر عملہ پر کام کا بوجھ بڑھ سکتا ہے۔ایس آئی آر میں ووٹ حذف کرنے پر درخواست داخل کرنے کے لئے تین مہینوں کا وقت فراہم کرنے پرزوردیا۔

Desk

Road Show

فارین ٹریڈ حیدرآباد کے علاقائی جوائنٹ ڈائرکٹر جنرل اکشے نے کہا کہ ہندوستانی فارما کا شعبہ گزشتہ چندسالوں سے توسیع کررہا ہے۔ستمبر 7 سے 9 ستمبر تک دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقد ہونے والے فارماماک ٹیک لیاب نسٹ ایکسپو 2026ء کے دوسرے مرحلہ کے طور پر ای پی سی بھارت میں ایک روڈ شو منعقد کیا۔اس موقع پرفارما اور لیاب کے آلات کے شعبہ میں ہندوستان کی ترقی کے امور پرتبادلہ خیال کیا گیا۔

Desk

Kishan Reddy ESI

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد میں واقع گورنمنٹ میڈیکل کالجوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے مرکز کی نریندرمودی حکومت خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس ضمن میں حیدرآباد میں

جدید سہولتوں کے ساتھ ای ایس آئی میڈیکل کالج اور سوپر اسپیشالٹی ہاسپٹل اور نرسنگ کالجوں کو قائم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ صرف 10 روپے برائے نام فیس کے ذریعہ تمام اقسام کے علاج کی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے تقریباً 1300 کروڑ روپیوں کی لاگت سے ایمس ہاسپٹل کو تعمیر کیا جا رہا ہے۔ آنے والے سال اس کا افتتاح وزیر اعظم نریندر مودی کریں گے۔

❍❍